Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۱	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲ محرم الحرام ۱۳۴۳ھ مطابق ۴ اگست ۱۹۲۴ء	جلد ۳۶

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت مسعود حسن صاحب ایڈی سی	۱
۲	تنسیخ رخصت منصرم بگھی	۲
۳	رخصت محرر محافظ خانہ تحقیقات صدر	۲
۴	تبادلہ جات گرداوران و قانونگویان	۲
۵	موقوفی احمد بخش و تقرر یوسف علیخان	۲
۶	اعلان کتب جدید الطبع	۲
۷	نقشہ بارش	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۲۴ جولائی ۱۹۲۴ء

حسب رپورٹ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر۔ لفٹنٹ مسعود حسن صاحب ایڈی سی کی مزید رخصت پندرہ یوم ۱۹ جولائی ۱۹۲۴ء سے بوجہ علالت منظور فرمائی گئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب چیف سکریٹری بہادر

منسوخ رخصت

۲۷؍ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء

حسب تصدیق صاحب جج بہادر۔ بقیہ رخصت منشی محمد حسن صاحب منصرم جی کی منسوخ کی گئی۔ اور جو جو اہلکار بسلسلۂ رخصت مقرر ہوئے تھے اپنی اپنی جگہ واپس ہوئے۔ محی الدین دفتری اپنے کام پر آگیا۔ اور سدید الدین دفتری علیحدہ کیا گیا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۷؍ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء

حسب سفارش حاکم صاحب صدر۔ مزید رخصت یکماہ عظمت اللہ خان محرر محافظ خانہ کلیات صدر مشاہرہ دار پندرہ روپیہ ماہوار کی بوجہ علالت بعوض صاحبزادہ سید برکت علی خان بہادر منظور کی گئی۔ دس روپیہ عوض کو اور پانچ روپیہ اصل کو ملینگے۔

تبادل

۲۹؍ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست۔ بربنائے شکایت تحصیلدار صاحب حضور تحصیل۔ احمد علی خان گرداور قانونگو سے حضور تحصیل کا تبادلہ تحصیل شاہ آباد کو بوجہ سست کاری بجائے سبحان خان گرداور قانونگو کے اور سبحان خان کا تبادلہ تحصیل بلاسپور کو بجائے مظہر حسین خان گرداور قانونگو کے۔ اور مظہر حسین خان کا تبادلہ حضور تحصیل کو بجائے احمد علی خان منظور کیا گیا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

موقوفی و تقرر

۲۹؍ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء

حسب تحریر بخشی صاحب فوج۔ احمد بخش محرر سپرشری مشاہرہ دار چودہ روپیہ ماہوار کی موقوفی تاریخ غیر حاضری سے عمل میں آئی۔ اور یوسف علی خان عوض محرر مذکور کو بارہ روپیہ ماہوار پر مستقل کیا گیا۔ بقیہ دو روپیہ بجحت تنخواہ موقوف شدہ سے پیارے لال و محمد رضا خان محرران سپرشری کی تنخواہ میں ایک ایک روپیہ ماہوار اضافہ ہوا۔

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہیں۔ ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے۔ خود بھی خرید فرما کر پڑھیئے اور احباب کو بھی دکھائیے۔

قول شافی یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے۔ اسکی عمدگی کیلئے نام سے ظاہر ہے جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ گیا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲؍ ہے۔

التوحید یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ اسمیں خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۱۲؍ ہے۔

خصائص معاویہ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول کتاب جامع حامدی کے ضمیمہ میں ہے جو دو جلیل محمد بن عقیل العشری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے بعض مطالب کا اسمیں اضافہ کیا گیا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک ۸؍ ہے۔

جس قدر نسخے مطلوب ہوں درخواست منصرم صاحب کتب خانہ کی خدمت میں ارسال فرمائیے۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۲۶ر جولائی لغایت یکم اگست سنہ ۱۹۲۴ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۲۶ر جولائی سنہ ۱۹۲۴ء یوم شنبہ	۲۱	۱۱۷ ½	۱۲	۱۹۶	۹	۱۲۷	۸	۸۲	۱۳	۱۲۴	۱۰	۱۱۶
۲۷ر جولائی سنہ ۱۹۲۴ء یوم یکشنبہ	۰	۱۱۷ ½	۰	۱۹۶	۷	۱۳۴	۰	۸۲	۰	۱۲۴	۰	۱۱۶
۲۸ر جولائی سنہ ۱۹۲۴ء یوم دوشنبہ	-	۱۱۷ ½	۰	۱۹۶	-	۱۳۴	۰	۸۲	۰	۱۲۴	۷	۱۲۳
۲۹ر جولائی سنہ ۱۹۲۴ء یوم سہ شنبہ	۰	۱۱۷ ½	۰	۱۹۶	۱ ½	۱۳۵ ½	۰	۸۲	۰	۱۲۴	۰	۱۲۳
۳۰ر جولائی سنہ ۱۹۲۴ء یوم چہارشنبہ	۰	۱۱۷ ½	۰	۱۹۶	۰	۱۳۵ ½	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۱۲۴	نقشہ نہیں آیا	۰
۳۱ر جولائی سنہ ۱۹۲۴ء یوم پنجشنبہ	۰	۱۱۷ ½	نقشہ نہیں آیا	۰	۱	۱۳۶ ½	″	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	″	۰
یکم اگست سنہ ۱۹۲۴ء یوم جمعہ	۰	۱۱۷ ½	″	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	″	۰	″	۰	″	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۶ر جولائی لغایت یکم اگست سنہ ۱۹۲۴ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم							تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص							
نخود کرسنہ آمیز							
کرسنہ							
ماش							
موٹھ							
مکا							
جئی							
کوچنی							
عدس							
ارہر							
برنج							
روغن زرد							
روغن سیاہ							
روغن کنجد							
نمک سانبھر							
نمک لاہوری							
قند سیاہ							
باجرہ							